سوال

(237)روزے کی حالت میں بوسہ لینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب کوئی جوان یا بوڑھا شخص روزے کی حالت میں اپنی بیوی کا بوسہ لے تو کیا اسے گناہ ہو گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اپنی بیوی کا بوسہ لینے کی وجہ سے روزے دار کو گناہ نہیں ہو گا خواہ وہ جوان ہو یا بوڑھا کیونکہ صحیح مسلم میں روایت ہے کہ عمر بن ابی سلمی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا، کیا روزے دار کو بوسہ لے سکتا ہے؟ تو آپ نے فرمایا ام سلمی سے پوچھو تو انہوں نے بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بوسہ لیتے ہیں، تو انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم !اللہ تعالیٰ نے آپ کے تو اگلے پچھلے گناہ معاف کر دیئے ہیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

(اما واللہ!انی لاتقاکم للہ' واخشاکم لہ) (صحیح مسلم' الصیام' باب بیان ان القبلۃ فی الصوم   لخ' ح:1108)

''اللہ کی قسم !میں تم سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا اور اس کی خشیت رکھنے والا ہوں۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب الصیام : ج 2 صفحہ 188

محدث فتویٰ